آسمانوں میں ہے	اور	زمین میں	تحقیق	وہ (اللہ) جانتا ہے	اس (حالت) کو کہ	جس پر تم ہو	اور	جس دن	وہ (منافق) لوٹائے جائیں گے

اِلَيْهِ	فَيُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	عَمِلُوْا	وَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ ۶۴
اس کی طرف	تو وہ انہیں خبر دے گا	اس کی جو	انہوں نے عمل کیے تھے	اور	اللہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا ہے

ع ۱۵

سورۃ الفرقان (۲۵) مکیۃ (۴۲) — رکوعاتها ۶ — آیاتها ۷۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

تَبٰرَكَ	الَّذِيْ	نَزَّلَ	الْفُرْقَانَ	عَلٰى عَبْدِهٖ	لِيَكُوْنَ	لِلْعٰلَمِيْنَ	نَذِيْرًا ۱	الَّذِيْ
بڑی ہی بابرکت ہے	وہ ذات جس نے	نازل کیا	فرقان	اپنے بندے پر	تاکہ وہ ہو	جہانوں کے لیے	ڈرانے والا	وہ ذات کہ

لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	لَمْ	يَتَّخِذْ	وَلَدًا	وَّ	لَمْ	يَكُنْ	لَّهٗ	شَرِيْكٌ
اسی کے لیے ہے	بادشاہی	آسمانوں کی	اور	زمین کی	اور	نہیں	بنائی اس نے	کوئی اولاد	اور	نہیں	ہے	اس کا	کوئی شریک

فِي الْمُلْكِ	وَ	خَلَقَ	كُلَّ شَيْءٍ	فَقَدَّرَهٗ	تَقْدِيْرًا ۲	وَ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ
بادشاہی میں	اور	اس نے پیدا کیا	ہر چیز کو	پھر اس نے اندازہ کیا اس کا	(پورا) اندازہ کرنا	اور	بنالیے ہیں (مشرکوں نے)	اس کے سوا

اٰلِهَةً	لَّا	يَخْلُقُوْنَ	شَيْـًٔا	وَّ	هُمْ	يُخْلَقُوْنَ	وَ	لَا	يَمْلِكُوْنَ	لِاَنْفُسِهِمْ
(اور) معبود	نہیں	وہ پیدا کرتے	کچھ بھی	حالانکہ	وہ (خود)	پیدا کیے جاتے ہیں	اور	نہیں	اختیار رکھتے وہ	اپنے نفسوں کیلئے

ضَرًّا	وَّ	لَا	نَفْعًا	وَّ	لَا	يَمْلِكُوْنَ	مَوْتًا	وَّ	لَا	حَيٰوةً	وَّ	لَا	نُشُوْرًا ۳
کسی نقصان کا	اور	نہ	کسی نفع کا	اور	نہیں	وہ اختیار رکھتے	موت کا	اور	نہ	زندگی کا	اور	نہ	دوبارہ (جی) اٹھنے کا

وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّآ	اِفْكُ	افْتَرٰىهُ	وَ
اور	کہا	ان لوگوں نے جنہوں نے	کفر کیا	نہیں ہے	یہ (قرآن)	مگر	جھوٹ ہی	اس (رسول) نے اسے گھڑا ہے	اور

اَعَانَهٗ	عَلَيْهِ	قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ	فَقَدْ	جَآءُوْ	ظُلْمًا	وَّ	زُوْرًا ۴	وَ	قَالُوْٓا	اَسَاطِيْرُ
اسکی مدد کی ہے	اس پر	کچھ اور لوگوں نے	پس تحقیق	وہ (لوگ) لائے	ظلم	اور	جھوٹ	اور	انہوں نے کہا	(یہ) قصے کہانیاں ہیں

الْاَوَّلِيْنَ	اكْتَتَبَهَا	فَهِيَ	تُمْلٰى	عَلَيْهِ	بُكْرَةً	وَّ	اَصِيْلًا ۵	قُلْ
پہلے لوگوں کی	اس نے ان کو لکھ لیا ہے	چنانچہ وہی	لکھوائی جاتی ہے	اس کو	صبح	اور	شام	آپ کہہ دیجیے

اَنْزَلَهُ	الَّذِيْ	يَعْلَمُ	السِّرَّ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	اِنَّهٗ	كَانَ	غَفُوْرًا
اس (قرآن) کو نازل کیا ہے	اس ذات نے جو	جانتا ہے	بھید	آسمانوں کے	اور	زمین کے	بے شک وہ	ہے	بہت بخشنے والا

رَّحِيْمًا ۝٦	وَ	قَالُوْا	مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ	يَاْكُلُ	الطَّعَامَ	وَ	يَمْشِيْ	فِي الْاَسْوَاقِ ؕ	لَوْلَآ
نہایت رحم کرنے والا	اور	انہوں نے کہا	کیا ہے اس رسول کو	کہ وہ کھاتا ہے	طعام	اور	چلتا ہے	بازاروں میں؟	کیوں نہیں

اُنْزِلَ	اِلَيْهِ	مَلَكٌ	فَيَكُوْنَ	مَعَهٗ	نَذِيْرًا ۝٧	اَوْ	يُلْقٰٓى	اِلَيْهِ	كَنْزٌ	اَوْ
نازل کیا گیا	اس کی طرف	کوئی فرشتہ	کہ وہ ہوتا	اس کے ساتھ	ڈرانے والا؟	یا	ڈالا جاتا	اس کی طرف	کوئی خزانہ	یا

تَكُوْنُ	لَهٗ	جَنَّةٌ	يَّاْكُلُ	مِنْهَا ؕ	وَ	قَالَ	الظّٰلِمُوْنَ	اِنْ	تَتَّبِعُوْنَ
ہوتا	اس کے لیے	کوئی باغ	کہ وہ کھاتا	اس میں سے	اور	کہا	(ان) ظالموں نے (مومنوں سے)	نہیں	تم اتباع کرتے

اِلَّا	رَجُلًا	مَّسْحُوْرًا ۝٨	اُنْظُرْ	كَيْفَ	ضَرَبُوْا	لَكَ	الْاَمْثَالَ	فَضَلُّوْا
مگر	ایسے شخص کا	(جس پر) جادو کیا گیا ہے	دیکھیے	کیسی	ان لوگوں نے بیان کیں	آپ کے لیے	مثالیں؟	چنانچہ وہ گمراہ ہو گئے

فَلَا	يَسْتَطِيْعُوْنَ	سَبِيْلًا ۝٩	تَبٰرَكَ	الَّذِيْٓ	اِنْ	شَآءَ	جَعَلَ	لَكَ
لہٰذا نہیں	وہ استطاعت رکھتے	راہ (پانی) کی	بڑی ہی بابرکت ہے	وہ (اللہ کی) ذات	کہ اگر	وہ چاہے	تو بنا دے	آپ کیلئے

خَيْرًا	مِّنْ ذٰلِكَ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	وَ	يَجْعَلْ	لَّكَ	قُصُوْرًا ۝١٠
بہت بہتر	اس سے	ایسے باغات	کہ بہتی ہوں	ان کے نیچے	نہریں	اور	وہ بنا دے	آپ کے لیے	محلات

بَلْ	كَذَّبُوْا	بِالسَّاعَةِ	وَ	اَعْتَدْنَا	لِمَنْ	كَذَّبَ	بِالسَّاعَةِ	سَعِيْرًا ۝١١	اِذَا
بلکہ	انہوں نے جھٹلایا ہے	قیامت کو	اور	ہم نے تیار کی ہے	اس شخص کیلئے جو	جھٹلائے	قیامت کو	بھڑکتی آگ	جب

رَاَتْهُمْ	مِّنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ	سَمِعُوْا	لَهَا	تَغَيُّظًا	وَّ	زَفِيْرًا ۝١٢	وَ	اِذَآ
وہ (آگ) دیکھے گی ان (مجرموں) کو	دور جگہ سے	تو وہ سنیں گے	اس کی	سخت غصیلی آواز	اور	چلانا	اور	جب

اُلْقُوْا	مِنْهَا	مَكَانًا ضَيِّقًا	مُّقَرَّنِيْنَ	دَعَوْا	هُنَالِكَ	ثُبُوْرًا ۝١٣ ؕ
وہ ڈالے جائیں گے	اس میں سے	کسی تنگ جگہ میں	زنجیروں میں جکڑے ہوئے	(تو) وہ پکاریں گے	وہاں	ہلاکت (موت) کو

لَا تَدْعُوا	الْيَوْمَ	ثُبُوْرًا وَّاحِدًا	وَّ	ادْعُوْا	ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ۝١٤	قُلْ
(انہیں کہا جائے گا) مت پکارو تم	آج	ایک ہلاکت (موت) کو	بلکہ	تم پکارو	بہت زیادہ ہلاکتوں (موتوں) کو	کہہ دیجیے

اَ	ذٰلِكَ	خَيْرٌ	اَمْ	جَنَّةُ	الْخُلْدِ	الَّتِيْ	وُعِدَ	الْمُتَّقُوْنَ ؕ	كَانَتْ	لَهُمْ	جَزَآءً	وَّ
کیا	یہ (عذاب)	بہتر ہے	یا	جنت	ہمیشگی کی؟	وہ جس کا	وعدہ دیے گئے	متقی لوگ	وہ ہے	ان کے لیے	جزا	اور

مَصِيْرًا ۝١٥	لَهُمْ	فِيْهَا	مَا	يَشَآءُوْنَ	خٰلِدِيْنَ ؕ	كَانَ	عَلٰى رَبِّكَ	وَعْدًا
واپسی کی جگہ	ان کے لیے ہوگا	اس میں	جو کچھ	وہ چاہیں گے	ہمیشہ رہنے والے	(یہ) ہے	آپ کے رب کے ذمے	وعدہ

مَسْئُوْلًا ⑯	وَ	يَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ	وَ	مَا	يَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
قابل درخواست	اور	جس دن	وہ (اللہ) انہیں اکٹھا کرے گا	اور	جن کی	وہ عبادت کرتے تھے	سوائے اللہ کے

فَيَقُوْلُ	ءَ	اَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ	عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ	اَمْ	هُمْ	ضَلُّوا	السَّبِيْلَ ⑰
تو وہ (اللہ) کہے گا (معبودانِ باطلہ سے)	کیا	تم نے ہی گمراہ کیا تھا	میرے ان بندوں کو	یا	وہ (خود ہی)	بھٹک گئے تھے	راہ (حق) سے؟

قَالُوْا	سُبْحٰنَكَ	مَا	كَانَ	يَنْۢبَغِيْ	لَنَآ	اَنْ	نَّتَّخِذَ	مِنْ دُوْنِكَ	مِنْ	اَوْلِيَآءَ	وَ	لٰكِنْ
وہ کہیں گے	تو پاک ہے	نہیں	تھا	لائق	ہمارے	یہ کہ	ہم بنائیں	سوائے تیرے	کوئی	کارساز	اور	لیکن

مَّتَّعْتَهُمْ	وَ	اٰبَآءَهُمْ	حَتّٰى	نَسُوا	الذِّكْرَ	وَ	كَانُوْا	قَوْمًا
تو نے فائدہ (سامانِ زندگی) دیا انہیں	اور	ان کے باپ دادا کو بھی	یہاں تک کہ	وہ بھول گئے	ذکر (تیرا)	اور	تھے (یہ)	لوگ

بُوْرًا ⑱	فَقَدْ	كَذَّبُوْكُمْ	بِمَا	تَقُوْلُوْنَ	فَمَا	تَسْتَطِيْعُوْنَ
ہلاک ہونے والے	(اللہ کہے گا) تحقیق	انہوں نے تمہیں جھٹلا دیا	ان (باتوں) میں جو	تم کہتے تھے	چنانچہ نہیں	تم استطاعت رکھتے

صَرْفًا	وَّ	لَا	نَصْرًا	وَ	مَنْ	يَّظْلِمْ	مِّنْكُمْ	نُذِقْهُ	عَذَابًا
(عذاب کے) ہٹانے کی	اور	نہ	مدد کرنے کی	اور	جو کوئی	ظلم (شرک) کرے گا	تم میں سے	ہم اسے چکھائیں گے	عذاب

كَبِيْرًا ⑲	وَ	مَآ	اَرْسَلْنَا	قَبْلَكَ	مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ	اِلَّآ	اِنَّهُمْ	لَيَاْكُلُوْنَ	الطَّعَامَ	وَ
بہت بڑا	اور	نہیں	ہم نے بھیجے	آپ سے پہلے	رسول	مگر	بلاشبہ وہ	البتہ کھاتے تھے	کھانا	اور

يَمْشُوْنَ	فِي الْاَسْوَاقِ ط	وَ	جَعَلْنَا	بَعْضَكُمْ	لِبَعْضٍ	فِتْنَةً ط	اَ	تَصْبِرُوْنَ
وہ چلتے تھے	بازاروں میں	اور	ہم نے بنایا	تمہارے ایک کو	دوسرے کے لیے	آزمائش	کیا	تم صبر کرتے ہو (یا نہیں؟)

وَ	كَانَ	رَبُّكَ	بَصِيْرًا ⑳ ع
اور	ہے	آپ کا رب	خوب دیکھنے والا

وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	لَا	يَرْجُوْنَ	لِقَآءَنَا	لَوْلَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْنَا	الْمَلٰٓئِكَةُ
اور	کہا	ان لوگوں نے جو	نہیں	امید رکھتے	ہماری ملاقات کی	کیوں نہیں	نازل کیے جاتے	ہم پر	فرشتے

اَوْ	نَرٰى	رَبَّنَا ؕ	لَقَدِ	اسْتَكْبَرُوْا	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	وَ	عَتَوْ	عُتُوًّا	كَبِيْرًا ﴿٢١﴾
یا	ہم دیکھتے	اپنے رب کو؟	البتہ تحقیق	انہوں نے تکبر کیا	اپنے دلوں میں	اور	انہوں نے سرکشی کی	سرکشی	بہت بڑی

يَوْمَ	يَرَوْنَ	الْمَلٰٓئِكَةَ	لَا	بُشْرٰى	يَوْمَئِذٍ	لِّلْمُجْرِمِيْنَ	وَ	يَقُوْلُوْنَ
جس دن	وہ دیکھیں گے	فرشتوں کو	نہیں (ہوگی)	کوئی خوشی	اس دن	مجرموں کو	اور	وہ (فرشتے) کہیں گے

حِجْرًا	مَّحْجُوْرًا ﴿٢٢﴾	وَ	قَدِمْنَآ	اِلٰى مَا	عَمِلُوْا	مِنْ عَمَلٍ
(بہشت تم پر) ممنوع ہے	حرام کردی گئی ہے	اور	ہم قصد کریں گے	ان کی طرف جو	انہوں نے کیے تھے	کوئی (نیک) عمل

فَجَعَلْنٰهُ	هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿٢٣﴾	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	يَوْمَئِذٍ	خَيْرٌ	مُّسْتَقَرًّا
پھر ہم ان کو بنا دیں گے	اڑائے ہوئے ذرات (کی مانند)	جنتی لوگ	اس دن	بہت بہتر ہوں گے	باعتبار ٹھکانے کے

وَّ	اَحْسَنُ	مَقِيْلًا ﴿٢٤﴾	وَ	يَوْمَ	تَشَقَّقُ	السَّمَآءُ	بِالْغَمَامِ	وَ
اور	بہت اچھے ہوں گے	باعتبار آرام گاہ کے	اور	جس دن	پھٹ جائے گا	آسمان	ساتھ بادلوں کے	اور

نُزِّلَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	تَنْزِيْلًا ﴿٢٥﴾	الْمُلْكُ	يَوْمَئِذِ ۨ	الْحَقُّ	لِلرَّحْمٰنِ ؕ	وَ
نازل کیے جائیں گے	فرشتے	(لگاتار) نازل کیا جانا	بادشاہی	اس دن	حقیقی	رحمٰن ہی کے لیے ہوگی	اور

كَانَ	يَوْمًا	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ	عَسِيْرًا ﴿٢٦﴾	وَ	يَوْمَ	يَعَضُّ	الظَّالِمُ	عَلٰى يَدَيْهِ
ہوگا	(وہ) دن	کافروں پر	نہایت سخت	اور	جس دن	دانتوں سے کاٹے گا	ظالم	اپنے دونوں ہاتھ

يَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِي	اتَّخَذْتُ	مَعَ الرَّسُوْلِ	سَبِيْلًا ﴿٢٧﴾	يٰوَيْلَتٰى	لَيْتَنِيْ	لَمْ	اَتَّخِذْ
(اور) کہے گا	اے کاش!	میں پکڑتا (اختیار کرتا)	رسول کے ساتھ	راستہ	ہائے میری کم بختی!	کاش کہ میں نے	نہ	پکڑا ہوتا

فُلَانًا	خَلِيْلًا ﴿٢٨﴾	لَقَدْ	اَضَلَّنِيْ	عَنِ الذِّكْرِ	بَعْدَ اِذْ	جَآءَنِيْ ؕ
فلاں (شخص) کو	دوست	البتہ تحقیق	اس نے مجھے گمراہ کیا	اس ذکر (قرآن) سے	اس کے بعد کہ	وہ آیا میرے پاس

وَ	كَانَ	الشَّيْطٰنُ	لِلْاِنْسَانِ	خَذُوْلًا ﴿٢٩﴾	وَ	قَالَ	الرَّسُوْلُ	يٰرَبِّ
اور	ہے	شیطان	انسان کو	بے یار ومددگار چھوڑ دینے والا	اور	کہیں گے	(اللہ کے) رسول	اے میرے رب!

اِنَّ	قَوْمِي	اتَّخَذُوْا	هٰذَا	الْقُرْاٰنَ	مَهْجُوْرًا ﴿٣٠﴾	وَ	كَذٰلِكَ	جَعَلْنَا	لِكُلِّ نَبِيٍّ
بے شک	میری قوم نے	بنا (ٹھہرا) لیا تھا	اس	قرآن کو	چھوڑا ہوا	اور	اسی طرح	ہم نے بنائے	ہر نبی کے لیے

عَدُوًّا	مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ	وَ	كَفٰى	بِرَبِّكَ	هَادِيًا	وَّ	نَصِيْرًا ﴿٣١﴾	وَ	قَالَ
دشمن	مجرموں میں سے	اور	کافی ہے	آپ کا رب	ہدایت دینے والا	اور	مددکرنے والا	اور	کہا

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَوْلَا	نُزِّلَ	عَلَيْهِ	الْقُرْاٰنُ	جُمْلَةً	وَّاحِدَةً	كَذٰلِكَ
ان لوگوں نے جنہوں نے	کفر کیا	کیوں نہیں	اتارا گیا	اس پر	(یہ) قرآن	اکٹھا	ایک ہی بار؟	اسی طرح (ہم نے اتارا)

لِنُثَبِّتَ	بِهٖ	فُؤَادَكَ	وَ	رَتَّلْنٰهُ	تَرْتِيْلًا ﴿٣٢﴾	وَ	لَا
تاکہ ہم مضبوط کردیں	اس کے ذریعے سے	آپ کا دل	اور	ہم نے پڑھا اسے	تھوڑا تھوڑا کر کے پڑھنا	اور	نہیں

يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ	اِلَّا	جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ	وَ	اَحْسَنَ	تَفْسِيْرًا ﴿٣٣﴾ؕ	اَلَّذِيْنَ
وہ لاتے آپ کے پاس کوئی مثال	مگر	ہم لاتے ہیں آپ کے پاس حق	اور	بہترین	توجیہ	وہ لوگ کہ جو

يُحْشَرُوْنَ	عَلٰى وُجُوْهِهِمْ	اِلٰى جَهَنَّمَ	اُولٰٓئِكَ	شَرٌّ	مَّكَانًا	وَّ
وہ اکٹھے کیے جائیں گے	اپنے چہروں کے بل	جہنم کی طرف	یہ لوگ	بدترین ہیں	باعتبار مکان کے	اور

اَضَلُّ	سَبِيْلًا ﴿٣٤﴾ع	وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	وَ	جَعَلْنَا
سب سے زیادہ بھٹکے ہوئے ہیں	باعتبار راہ کے	اور	البتہ تحقیق	ہم نے دی تھی	موسیٰ کو	کتاب	اور	ہم نے بنایا تھا

مَعَهٗ	اَخَاهُ	هٰرُوْنَ	وَزِيْرًا ﴿٣٥﴾	فَقُلْنَا	اذْهَبَآ	اِلَى الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا
اس کے ساتھ	اس کے بھائی	ہارون کو	مددگار	پھر ہم نے کہا	تم دونوں جاؤ	اس قوم کی طرف	جنہوں نے	جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَا ؕ	فَدَمَّرْنٰهُمْ	تَدْمِيْرًا ﴿٣٦﴾ؕ	وَ	قَوْمَ نُوْحٍ	لَّمَّا	كَذَّبُوا
ہماری آیتوں کو	پھر ہم نے انہیں ہلاک کردیا	(بالکل ہی) ہلاک کردینا	اور	قوم نوح کو (بھی)	جب	انہوں نے جھٹلایا

الرُّسُلَ	اَغْرَقْنٰهُمْ	وَ	جَعَلْنٰهُمْ	لِلنَّاسِ	اٰيَةً ؕ	وَ	اَعْتَدْنَا
رسولوں کو	ہم نے ان کو غرق کردیا	اور	ہم نے انہیں بنادیا	لوگوں کے لیے	(عبرت کا) نشان	اور	ہم نے تیار کیا ہے

لِلظّٰلِمِيْنَ	عَذَابًا	اَلِيْمًا ﴿٣٧﴾	وَّ	عَادًا	وَّ	ثَمُوْدَا۟	وَ	اَصْحٰبَ الرَّسِّ	وَ
ظالموں کے لیے	عذاب	بہت دردناک	اور	(ہم نے ہلاک کردیا قوم) عاد کو	اور	ثمود کو	اور	کنویں والوں کو	اور

قُرُوْنًا	بَيْنَ ذٰلِكَ	كَثِيْرًا ﴿٣٨﴾	وَ	كُلًّا	ضَرَبْنَا	لَهُ	الْاَمْثَالَ	وَ	كُلًّا
(دیگر) قوموں کو	ان کے درمیان	بہت سی	اور	ہر ایک (قوم)	ہم نے بیان کیں	اس کے لیے	مثالیں	اور	سب کو

تَبَّرْنَا	تَتْبِيْرًا ﴿٣٩﴾	وَ	لَقَدْ	اَتَوْا	عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ	اُمْطِرَتْ	مَطَرَ
ہم نے ملیامیٹ کردیا	تباہ و برباد کرکے	اور	البتہ تحقیق	وہ آئے (گزرے) ہیں	اس بستی پر کہ جس پر	برسائی گئی	بارش

السُّوْءِ ؕ	اَ	فَلَمْ	يَكُوْنُوْا	يَرَوْنَهَا	بَلْ	كَانُوْا	لَا	يَرْجُوْنَ	نُشُوْرًا ۝۴۰	وَ
بری	کیا	پھر نہیں	ہیں وہ	کہ دیکھتے اس (بستی) کو؟	بلکہ	ہیں وہ	نہیں	امید رکھتے	دوبارہ (جی) اٹھنے کی	اور

اِذَا	رَاَوْكَ	اِنْ	يَّتَّخِذُوْنَكَ	اِلَّا	هُزُوًا ؕ	اَ	هٰذَا	الَّذِيْ
جب	وہ آپ کو دیکھتے ہیں	(تو) نہیں	وہ آپ کو پکڑتے	مگر	ٹھٹھا مذاق	(کہتے ہیں) کیا	یہی ہے	وہ جسے

بَعَثَ اللّٰهُ	رَسُوْلًا ۝۴۱	اِنْ	كَادَ	لَيُضِلُّنَا	عَنْ اٰلِهَتِنَا	لَوْلَآ	اَنْ
اللہ نے بھیجا ہے	رسول (بنا کر)؟	تحقیق	قریب تھا وہ	کہ البتہ ہمیں گمراہ کر دیتا	ہمارے معبودوں سے	اگر نہ ہوتی	یہ بات کہ

صَبَرْنَا	عَلَيْهَا ؕ	وَ	سَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ	حِيْنَ	يَرَوْنَ	الْعَذَابَ	مَنْ	اَضَلُّ	سَبِيْلًا ۝۴۲
ہم جمے رہے	ان پر	اور	عنقریب	وہ جان لیں گے	جب	وہ دیکھیں گے	عذاب	کہ کون	زیادہ گمراہ تھا	راستے سے؟

اَ	رَءَيْتَ	مَنِ	اتَّخَذَ	اِلٰهَهٗ	هَوٰىهُ ؕ	اَ	فَاَنْتَ	تَكُوْنُ	عَلَيْهِ	وَكِيْلًا ۝۴۳
کیا	آپ نے دیکھا	اس شخص کو	جس نے بنالیا	اپنا معبود	اپنی خواہش کو؟	کیا	پھر آپ	ہیں	اس کے	ذمہ دار؟

اَمْ	تَحْسَبُ	اَنَّ	اَكْثَرَهُمْ	يَسْمَعُوْنَ	اَوْ	يَعْقِلُوْنَ ؕ	اِنْ	هُمْ	اِلَّا	كَالْاَنْعَامِ
کیا	آپ گمان کرتے ہیں کہ	بے شک	ان کے اکثر	سنتے ہیں	یا	سمجھتے ہیں؟	نہیں ہیں	وہ	مگر	چوپایوں کی طرح ہی

بَلْ	هُمْ	اَضَلُّ	سَبِيْلًا ۝۴۴ ع	اَ	لَمْ	تَرَ	اِلٰى رَبِّكَ	كَيْفَ	مَدَّ
بلکہ	وہ	زیادہ گمراہ ہیں	باعتبار راستے کے	کیا	نہیں	آپ نے دیکھا	اپنے رب (کی قدرت) کی طرف	کہ کیسے	اس نے پھیلا دیا

ع ۴

الظِّلَّ	وَ	لَوْ	شَآءَ	لَجَعَلَهٗ	سَاكِنًا	ثُمَّ	جَعَلْنَا	الشَّمْسَ	عَلَيْهِ	دَلِيْلًا ۝۴۵	ثُمَّ
سائے کو؟	اور	اگر	وہ چاہتا	(تو) البتہ اسے بنا دیتا	ساکن	پھر	ہم نے بنایا	سورج کو	اس پر	راہنما	پھر

قَبَضْنٰهُ	اِلَيْنَا	قَبْضًا	يَّسِيْرًا ۝۴۶	وَ	هُوَ الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الَّيْلَ
ہم نے اسے سمیٹ لیا	اپنی طرف	سمیٹنا	تھوڑا تھوڑا	اور	وہی ہے (اللہ) جس نے	بنایا	تمہارے لیے	رات کو

لِبَاسًا	وَّ	النَّوْمَ	سُبَاتًا	وَّ	جَعَلَ	النَّهَارَ	نُشُوْرًا ۝۴۷	وَ	هُوَ الَّذِيْٓ
لباس	اور	نیند کو	(ذریعۂ) آرام	اور	اس نے بنایا	دن کو	اٹھ کھڑے ہونے کا وقت	اور	وہی ہے (اللہ) جس نے

اَرْسَلَ	الرِّيٰحَ	بُشْرًا	بَيْنَ يَدَيْ	رَحْمَتِهٖ	وَ	اَنْزَلْنَا	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً
بھیجا	ہواؤں کو	خوشخبری دینے والی	پہلے	اپنی رحمت (بارش) سے	اور	ہم نے نازل کیا	آسمان سے	پانی

طَهُوْرًا ۝۴۸	لِنُحْيِۦَ	بِهٖ	بَلْدَةً مَّيْتًا	وَّ	نُسْقِيَهٗ	مِمَّا
پاک	تاکہ ہم زندہ کریں	اس کے ذریعے سے	مردہ شہر کو	اور	(تاکہ) ہم پلائیں وہ (پانی)	ان چیزوں میں سے جنہیں

خَلَقْنَآ	اَنْعَامًا	وَّ	اَنَاسِیَّ كَثِیْرًا ﴿۴۹﴾	وَ	لَقَدْ	صَرَّفْنٰهُ
ہم نے پیدا کیا	مویشیوں کو	اور	بہت سے انسانوں کو	اور	البتہ تحقیق	ہم نے اس (قرآن) کو پھیر پھیر کر بیان کیا

بَیْنَهُمْ	لِیَذَّكَّرُوْا	فَاَبٰۤی	اَكْثَرُ النَّاسِ	اِلَّا	كُفُوْرًا ﴿۵۰﴾	وَ	لَوْ
ان کے درمیان	تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں	پھر (بھی) انکار کیا	اکثر لوگوں نے	مگر	کفر کرنے سے (انکار نہیں کیا)	اور	اگر

شِئْنَا	لَبَعَثْنَا	فِیْ كُلِّ قَرْیَةٍ	نَّذِیْرًا ﴿۵۱﴾	فَلَا	تُطِعِ	الْكٰفِرِیْنَ	وَ	جَاهِدْهُمْ
ہم چاہتے	تو البتہ ہم بھیجتے	ہر بستی میں	ایک ڈرانے والا	چنانچہ نہ	آپ اطاعت کریں	کافروں کی	اور	آپ ان سے جہاد کریں

بِهٖ	جِهَادًا	كَبِیْرًا ﴿۵۲﴾	وَ	هُوَ الَّذِیْ	مَرَجَ	الْبَحْرَیْنِ	هٰذَا	عَذْبٌ	فُرَاتٌ
اس (قرآن) کے ذریعے	جہاد	خوب زور سے	اور	وہی ہے (اللہ) جس نے	ملا دیا	دو سمندروں کو	یہ	میٹھا ہے	خوب میٹھا

وَّ	هٰذَا	مِلْحٌ	اُجَاجٌ	وَّ	جَعَلَ	بَیْنَهُمَا	بَرْزَخًا	وَّ	حِجْرًا	مَّحْجُوْرًا ﴿۵۳﴾
اور	یہ	کھارا ہے	نہایت کڑوا	اور	اس (اللہ) نے بنا دیا	ان دونوں کے درمیان	ایک پردہ	اور	آڑ	مضبوط

وَ	هُوَ الَّذِیْ	خَلَقَ	مِنَ الْمَآءِ	بَشَرًا	فَجَعَلَهٗ	نَسَبًا	وَّ	صِهْرًا ؕ	وَ	كَانَ
اور	وہی ہے (اللہ) جس نے	پیدا کیا	پانی (منی) سے	انسان کو	پھر اسے بنایا	نسب (والا)	اور	سسرال (والا)	اور	ہے

رَبُّكَ	قَدِیْرًا ﴿۵۴﴾	وَ	یَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	مَا	لَا	یَنْفَعُهُمْ	وَ	لَا
آپ کا رب	بڑی قدرت والا	اور	وہ عبادت کرتے ہیں	سوائے اللہ کے	ان کی کہ	نہ	وہ انہیں نفع دے سکتے	اور	نہ

یَضُرُّهُمْ ؕ	وَ	كَانَ	الْكَافِرُ	عَلٰی رَبِّهٖ	ظَهِیْرًا ﴿۵۵﴾	وَ	مَآ	اَرْسَلْنٰكَ
وہ انہیں نقصان پہنچا سکتے ہیں	اور	ہے	کافر	اپنے رب کے مقابلے میں (شیطان کا)	مددگار	اور	نہیں	ہم نے آپ کو بھیجا

اِلَّا	مُبَشِّرًا	وَّ	نَذِیْرًا ﴿۵۶﴾	قُلْ	مَآ	اَسْئَلُكُمْ	عَلَیْهِ	مِنْ اَجْرٍ
مگر	خوشخبری دینے والا	اور	ڈرانے والا (بنا کر)	آپ کہہ دیجیے	نہیں	میں تم سے سوال کرتا	اس (تبلیغ) پر	کسی صلے کا

اِلَّا	مَنْ	شَآءَ	اَنْ	یَّتَّخِذَ	اِلٰی رَبِّهٖ	سَبِیْلًا ﴿۵۷﴾	وَ	تَوَكَّلْ	عَلَی الْحَیِّ
مگر	جو	چاہے	یہ کہ	وہ پکڑے	اپنے رب کی طرف	راستہ (تو وہ اسے مان لے)	اور	آپ توکل کیجیے	اس زندہ (اللہ) پر

الَّذِیْ	لَا	یَمُوْتُ	وَ	سَبِّحْ	بِحَمْدِهٖ ؕ	وَ	كَفٰی بِهٖ	بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ
جو	نہیں	مرتا	اور	آپ تسبیح کریں	اس کی حمد کے ساتھ	اور	کافی ہے وہ (اللہ)	اپنے بندوں کے گناہوں سے

خَبِیْرًا ﴿۵۸﴾	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	وَ	مَا	بَیْنَهُمَا
خبردار ہونے کے اعتبار سے	وہ ذات جس نے	پیدا کیا	آسمانوں کو	اور	زمین کو	اور	جو کچھ	ان دونوں کے درمیان ہے

فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ	الرَّحْمٰنُ	فَسْئَلْ	بِهٖ	خَبِيْرًا ٥٩
چھ دنوں میں	پھر	وہ مستوی ہوا	عرش پر	(وہی) رحمٰن ہے	لہٰذا آپ پوچھ لیں	اس کی بابت	کسی خبر رکھنے والے سے

وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمُ	اسْجُدُوْا	لِلرَّحْمٰنِ	قَالُوْا	وَ	مَا	الرَّحْمٰنُ	اَ	نَسْجُدُ
اور	جب	کہا جاتا ہے	ان سے	تم سجدہ کرو	رحمٰن کو	(تو) وہ کہتے ہیں	اور	کیا ہے	رحمٰن؟	کیا	ہم سجدہ کریں

لِمَا	تَأْمُرُنَا	وَ	زَادَهُمْ	نُفُوْرًا ٦٠ (السجدة)	تَبٰرَكَ	الَّذِيْ	جَعَلَ	فِي السَّمَآءِ
اسے جسکی بابت	تو ہمیں حکم دیتا ہے؟	اور	اس (تبلیغ) نے انہیں زیادہ کر دیا	نفرت میں	بابرکت ہے	وہ ذات	جس نے بنائے	آسمان میں

السجدة ٧

بُرُوْجًا	وَّ	جَعَلَ	فِيْهَا	سِرٰجًا	وَّ	قَمَرًا	مُّنِيْرًا ٦١	وَ	هُوَ الَّذِيْ	جَعَلَ	الَّيْلَ
برج	اور	اس نے بنایا	اس میں	چراغ (سورج)	اور	چاند	روشن	اور	وہی ہے (اللہ) جس نے	بنایا	رات کو

وَ	النَّهَارَ	خِلْفَةً	لِّمَنْ	اَرَادَ	اَنْ	يَّذَّكَّرَ	اَوْ	اَرَادَ	شُكُوْرًا ٦٢
اور	دن کو	ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے	اس شخص کیلئے جو	چاہے	یہ کہ	وہ نصیحت حاصل کرے	یا	وہ چاہے	شکر کرنا

وَ	عِبَادُ الرَّحْمٰنِ	الَّذِيْنَ	يَمْشُوْنَ	عَلَى الْاَرْضِ	هَوْنًا	وَّ	اِذَا	خَاطَبَهُمُ
اور	رحمٰن کے بندے	وہ لوگ ہیں جو	چلتے ہیں	زمین پر	آہستگی (وقار اور عاجزی) سے	اور	جب	ان سے بات کرتے ہیں

الْجٰهِلُوْنَ	قَالُوْا	سَلٰمًا ٦٣	وَ	الَّذِيْنَ	يَبِيْتُوْنَ	لِرَبِّهِمْ	سُجَّدًا	وَّ
جاہل (لوگ)	(تو) وہ کہتے ہیں	سلام ہے	اور	وہ لوگ جو	رات گزارتے ہیں	اپنے رب کے لیے	سجدے کرتے ہوئے	اور

قِيَامًا ٦٤	وَ	الَّذِيْنَ	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَا	اصْرِفْ	عَنَّا	عَذَابَ جَهَنَّمَ	اِنَّ	عَذَابَهَا
قیام کرتے ہوئے	اور	وہ لوگ جو	کہتے ہیں	اے ہمارے رب!	پھیر دے	ہم سے	جہنم کا عذاب	بلاشبہ	اس کا عذاب

كَانَ	غَرَامًا ٦٥	اِنَّهَا	سَآءَتْ	مُسْتَقَرًّا	وَّ	مُقَامًا ٦٦	وَ	الَّذِيْنَ	اِذَآ	اَنْفَقُوْا
ہے	چمٹنے والا	بے شک وہ (جہنم)	بری ہے	ٹھہرنے کی جگہ	اور	قیام کرنے کی (جگہ)	اور	وہ لوگ کہ	جب	وہ خرچ کرتے ہیں

لَمْ	يُسْرِفُوْا	وَ	لَمْ	يَقْتُرُوْا	وَ	كَانَ	بَيْنَ	ذٰلِكَ	قَوَامًا ٦٧
(تو) نہیں	وہ بے جا خرچ کرتے	اور	نہ	وہ تنگی ہی کرتے ہیں	اور	ہوتا ہے (ان کا خرچ کرنا)	درمیان	اس کے	معتدل گزران

وَ	الَّذِيْنَ	لَا	يَدْعُوْنَ	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰهًا	اٰخَرَ	وَ	لَا	يَقْتُلُوْنَ	النَّفْسَ	الَّتِيْ
اور	وہ لوگ جو	نہیں	وہ پکارتے	اللہ کے ساتھ	معبود	کوئی دوسرا	اور	نہیں	وہ قتل کرتے	اس جان کو	جسے (مارنا)

حَرَّمَ اللّٰهُ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَ	لَا	يَزْنُوْنَ	وَ	مَنْ	يَّفْعَلْ	ذٰلِكَ	يَلْقَ	اَثَامًا ٦٨
اللہ نے حرام کیا ہے	مگر	حق کے ساتھ	اور	نہیں	وہ زنا کرتے	اور	جو کوئی	کرے گا	یہ (کام)	وہ ملے گا	گناہ (کی سزا) کو

يُضٰعَفْ	لَهُ	الْعَذَابُ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَ	يَخْلُدْ	فِيْهٖ	مُهَانًا ﴿۶۹﴾	اِلَّا	مَنْ	تَابَ
دگنا کیا جائے گا	اس کے لیے	عذاب	قیامت کے دن	اور	وہ ہمیشہ رہے گا	اس میں	ذلیل ہوکر	مگر	جس نے	توبہ کی

وَ	اٰمَنَ	وَ	عَمِلَ	عَمَلًا صَالِحًا	فَاُولٰٓئِكَ	يُبَدِّلُ	اللّٰهُ	سَيِّاٰتِهِمْ	حَسَنٰتٍ ؕ
اور	وہ ایمان لایا	اور	اس نے عمل کیا	صالح عمل	تو یہ لوگ ہیں	(کہ) بدل دے گا	اللہ	ان کی برائیوں کو	اچھائیوں سے

وَ	كَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا ﴿۷۰﴾	وَ	مَنْ	تَابَ	وَ	عَمِلَ صَالِحًا	فَاِنَّهٗ
اور	ہے	اللہ	بہت بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا	اور	جو کوئی	توبہ کرے	اور	نیک عمل کرے	تو بلاشبہ وہ (شخص)

يَتُوْبُ	اِلَى اللّٰهِ	مَتَابًا ﴿۷۱﴾	وَ	الَّذِيْنَ	لَا	يَشْهَدُوْنَ	الزُّوْرَ	وَ	اِذَا	مَرُّوْا
(تو) رجوع کرتا ہے	اللہ کی طرف	رجوع کرنا	اور	وہ لوگ کہ	نہیں	وہ شہادت دیتے	جھوٹی	اور	جب	وہ گزرتے ہیں

بِاللَّغْوِ	مَرُّوْا	كِرَامًا ﴿۷۲﴾	وَ	الَّذِيْنَ	اِذَا	ذُكِّرُوْا	بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ
لغو کاموں کے پاس سے	(تو) گزر جاتے ہیں	عزت و وقار سے	اور	وہ لوگ کہ	جب	وہ نصیحت کیے جاتے ہیں	اپنے رب کی آیتوں کے ساتھ

لَمْ	يَخِرُّوْا	عَلَيْهَا	صُمًّا	وَّ	عُمْيَانًا ﴿۷۳﴾	وَ	الَّذِيْنَ	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَا	هَبْ	لَنَا
(تو) نہیں	وہ گر پڑتے	ان پر	بہرے	اور	اندھے ہوکر	اور	وہ لوگ جو	کہتے ہیں	اے ہمارے رب!	عطا کر	ہمیں

مِنْ اَزْوَاجِنَا	وَ	ذُرِّيّٰتِنَا	قُرَّةَ اَعْيُنٍ	وَّ	اجْعَلْنَا	لِلْمُتَّقِيْنَ	اِمَامًا ﴿۷۴﴾	اُولٰٓئِكَ
ہماری بیویوں کی طرف سے	اور	ہماری اولاد (کی طرف سے)	آنکھوں کی ٹھنڈک	اور	بنا ہمیں	متقیوں کا	امام	یہ لوگ

يُجْزَوْنَ	الْغُرْفَةَ	بِمَا	صَبَرُوْا	وَ	يُلَقَّوْنَ	فِيْهَا	تَحِيَّةً
وہ جزا دیے جائیں گے	بالاخانے (جنت میں)	بوجہ اس کے کہ	انہوں نے صبر کیا	اور	وہ استقبال کیے جائیں گے	اس میں	دعا

وَّ	سَلٰمًا ﴿۷۵﴾	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا ؕ	حَسُنَتْ	مُسْتَقَرًّا	وَّ	مُقَامًا ﴿۷۶﴾	قُلْ	مَا	يَعْبَؤُا
اور	سلام کے ساتھ	وہ ہمیشہ رہیں گے	ان میں	اچھی ہے وہ	قرار گاہ	اور	قیام گاہ	آپ کہہ دیجیے	نہ	پرواہ کرتا

بِكُمْ	رَبِّيْ	لَوْلَا	دُعَآؤُكُمْ	فَقَدْ	كَذَّبْتُمْ	فَسَوْفَ	يَكُوْنُ	لِزَامًا ﴿۷۷﴾
تمہاری	میرا رب	اگر نہ ہوتا	تمہارا دعا کرنا	پھر تحقیق	تم نے جھٹلایا	لہٰذا عنقریب	ہوگی (اس کی سزا)	لازمی

سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ (۲۶) مَكِّيَّةٌ (۴۷)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

رُكُوْعَاتُهَا ۱۱ اٰيَاتُهَا ۲۲۷

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾	لَعَلَّكَ	بَاخِعٌ	نَّفْسَكَ	اَلَّا	يَكُوْنُوْا
طٰسٓمّٓ	یہ	آیتیں ہیں	واضح کتاب کی	شاید کہ آپ	ہلاک کر ڈالیں	اپنے آپ کو	اس لیے کہ نہیں	ہوتے وہ

مُؤْمِنِيْنَ (٣)	اِنْ	نَّشَاْ	نُنَزِّلْ	عَلَيْهِمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	اٰيَةً	فَظَلَّتْ	اَعْنَاقُهُمْ
ایمان لانے والے	اگر	ہم چاہیں	(تو) نازل کردیں	ان پر	آسمان سے	کوئی نشانی	پھر ہو جائیں	ان کی گردنیں

لَهَا	خٰضِعِيْنَ (٤)	وَ	مَا	يَاْتِيْهِمْ	مِّنْ ذِكْرٍ	مِّنَ الرَّحْمٰنِ	مُحْدَثٍ	اِلَّا	كَانُوْا
اس کے لیے	جھکنے والیاں	اور	نہیں	آتی ان کے پاس	کوئی نصیحت	رحمٰن کی طرف سے	نئی	مگر	وہ ہوتے ہیں

عَنْهُ	مُعْرِضِيْنَ (٥)	فَقَدْ	كَذَّبُوْا	فَسَيَاْتِيْهِمْ	اَنْۢبٰٓؤُا	مَا	كَانُوْا
اس سے	اعراض کرنے والے	چنانچہ تحقیق	انہوں نے جھٹلایا	لہٰذا عنقریب انکے پاس آئیں گی	خبریں	(اس چیز کی) کہ	تھے وہ

بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ (٦)	اَوَ	لَمْ	يَرَوْا	اِلَى الْاَرْضِ	كَمْ	اَنْۢبَتْنَا	فِيْهَا
اس کے ساتھ	استہزاء کرتے	کیا	نہیں	انہوں نے دیکھا	زمین کی طرف	کتنی	ہم نے اگائیں	اس میں

مِنْ كُلِّ زَوْجٍ	كَرِيْمٍ (٧)	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً ۭ	وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ (٨)
ہر قسم کی چیزیں	عمدہ؟	بے شک	اس میں	البتہ (عظیم) نشانی ہے	اور	نہیں	ہیں	ان کے اکثر	ایمان لانے والے

وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ (٩) ع	وَ	اِذْ	نَادٰى	رَبُّكَ
اور	بلاشبہ	آپ کا رب	البتہ وہ ہے	نہایت غالب	بہت رحم کرنے والا	اور	(یاد کریں) جب	پکارا	آپ کے رب نے

مُوْسٰٓى	اَنِ	ائْتِ	الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ (١٠)	قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۭ	اَلَا	يَتَّقُوْنَ (١١)	قَالَ
موسیٰ کو	یہ کہ	تو جا	ظالم قوم کے پاس	یعنی قوم فرعون کے پاس	کیا نہیں	وہ ڈرتے؟	اس (موسیٰ) نے کہا

رَبِّ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اَنْ	يُّكَذِّبُوْنِ (١٢) ۭ	وَ	يَضِيْقُ	صَدْرِيْ	وَ	لَا	يَنْطَلِقُ
اے میرے رب!	بے شک میں	ڈرتا ہوں	اس سے کہ	وہ مجھے جھٹلائیں گے	اور	تنگ ہوتا ہے	میرا سینہ	اور	نہیں	چلتی

لِسَانِيْ	فَاَرْسِلْ	اِلٰى هٰرُوْنَ (١٣)	وَ	لَهُمْ	عَلَيَّ	ذَنْۢبٌ	فَاَخَافُ	اَنْ
میری زبان	لہٰذا تو (وحی) بھیج	ہارون کی طرف	اور	ان کا	میرے ذمے	ایک گناہ (جرم) ہے	لہٰذا میں ڈرتا ہوں	اس سے کہ

يَّقْتُلُوْنِ (١٤)	قَالَ	كَلَّا	فَاذْهَبَا	بِاٰيٰتِنَآ	اِنَّا	مَعَكُمْ
وہ مجھے قتل کردیں	اس (اللہ) نے کہا	ہرگز نہیں! (ہوسکتا یہ)	چنانچہ تم دونوں جاؤ	ہماری نشانیوں کے ساتھ	یقیناً ہم	تمہارے ساتھ

مُّسْتَمِعُوْنَ (١٥)	فَاْتِيَا	فِرْعَوْنَ	فَقُوْلَآ	اِنَّا	رَسُوْلُ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (١٦)	اَنْ
سننے والے ہیں	چنانچہ تم دونوں جاؤ	فرعون کے پاس	پھر کہو	بلاشبہ ہم	رسول ہیں	رب العالمین کے	یہ کہ

اَرْسِلْ	مَعَنَا	بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ (١٧) ۭ	قَالَ	اَ	لَمْ	نُرَبِّكَ	فِيْنَا
تو بھیج (آزاد کر) دے	ہمارے ساتھ	بنی اسرائیل کو	اس (فرعون) نے کہا	کیا	نہیں	ہم نے پرورش کی تھی تیری	اپنے ہاں

وَلِيدًا	وَّ	لَبِثْتَ	فِيْنَا	مِنْ عُمُرِكَ	سِنِيْنَ ۱۸	وَ	فَعَلْتَ	فَعْلَتَكَ	الَّتِيْ	فَعَلْتَ	وَ
جب کہ تو بچہ تھا	اور	تو ٹھہرا رہا ہے	ہمارے ہاں	اپنی عمر میں سے	کئی سال؟	اور	تو کر گیا	اپنا کام	وہ جو	تو کر گیا	اور

اَنْتَ	مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۱۹	قَالَ	فَعَلْتُهَآ	اِذًا	وَّ	اَنَا	مِنَ الضَّآلِّيْنَ ۲۰
تو	ناشکروں میں سے ہے	اس (موسیٰ) نے کہا	میں نے وہ (کام) کیا تھا	اس وقت	جب کہ	میں	بھٹکے ہوئے لوگوں میں سے تھا

فَفَرَرْتُ	مِنْكُمْ	لَمَّا	خِفْتُكُمْ	فَوَهَبَ	لِيْ	رَبِّيْ	حُكْمًا	وَّ	جَعَلَنِيْ
پھر میں بھاگ گیا	تم سے	جب	میں تم سے ڈرا	پھر عطا کیا	مجھے	میرے رب نے	حکم (علم)	اور	اس نے مجھے بنایا

مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۲۱	وَ	تِلْكَ	نِعْمَةٌ	تَمُنُّهَا	عَلَيَّ	اَنْ	عَبَّدْتَّ
رسولوں میں سے	اور	(کیا یہی ہے) وہ	احسان	جس کا تو احسان جتلاتا ہے	مجھ پر	یہ کہ	تو نے غلام بنا رکھا ہے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۲۲	قَالَ	فِرْعَوْنُ	وَ	مَا	رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۲۳	قَالَ	رَبُّ السَّمٰوٰتِ	وَ
بنی اسرائیل کو؟	کہا	فرعون نے	اور	کیا ہے	رب العالمین؟	اس (موسیٰ) نے کہا	آسمانوں کا رب	اور

الْاَرْضِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّوْقِنِيْنَ ۲۴	قَالَ	لِمَنْ
زمین کا (رب)	اور	ان کا جو	ان دونوں کے درمیان ہے	اگر	ہو تم	یقین کرنے والے	اس (فرعون) نے کہا	ان لوگوں سے جو

حَوْلَهٗٓ	اَلَا	تَسْتَمِعُوْنَ ۲۵	قَالَ	رَبُّكُمْ	وَ	رَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۲۶
اس کے ارد گرد تھے	کیا نہیں	تم سنتے؟	اس (موسیٰ) نے کہا	(وہ ہے) تمہارا رب	اور	تمہارے پہلے باپ دادا کا رب

قَالَ	اِنَّ	رَسُوْلَكُمُ	الَّذِيْٓ	اُرْسِلَ	اِلَيْكُمْ	لَمَجْنُوْنٌ ۲۷	قَالَ	رَبُّ
اس (فرعون) نے کہا	بلاشبہ	تمہارا رسول	وہ جو	بھیجا گیا ہے	تمہاری طرف	یقیناً دیوانہ ہے	اس (موسیٰ) نے کہا	(وہ ہے) رب

الْمَشْرِقِ	وَ	الْمَغْرِبِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْقِلُوْنَ ۲۸	قَالَ
مشرق کا	اور	مغرب کا	اور	ان کا جو	ان دونوں کے درمیان ہے	اگر	ہو تم	عقل رکھتے	اس (فرعون) نے کہا

لَئِنِ	اتَّخَذْتَ	اِلٰهًا	غَيْرِيْ	لَاَجْعَلَنَّكَ	مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ۲۹	قَالَ	اَ	وَ
البتہ اگر	تو نے پکڑا	کوئی (اور) معبود	میرے سوا	تو البتہ میں ضرور تجھے بنا دوں گا	قیدیوں میں سے	اس (موسیٰ) نے کہا	کیا	اور

لَوْ	جِئْتُكَ	بِشَيْءٍ	مُّبِيْنٍ ۳۰	قَالَ	فَاْتِ بِهٖٓ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۳۱
اگرچہ	میں تیرے پاس لاؤں	کوئی چیز	واضح (تو بھی)؟	اس نے کہا	تو لے آ وہ چیز	اگر	تو ہے	سچوں میں سے

فَاَلْقٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا	هِيَ	ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۳۲	وَّ	نَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا	هِيَ	بَيْضَآءُ
چنانچہ اس (موسیٰ) نے ڈالا	اپنا عصا	تو ناگہاں	وہ تھا	واضح (زبردست) اژدہا	اور	اس نے نکالا	اپنا ہاتھ	تو ناگہاں	وہ تھا	سفید (چمکتا ہوا)

لِلنّٰظِرِيْنَ ٣٣	قَالَ	لِلْمَلَاِ	حَوْلَهٗٓ	اِنَّ	هٰذَا	لَسٰحِرٌ	عَلِيْمٌ ٣٤
دیکھنے والوں کے لیے	اس نے کہا	ان وڈیروں سے	جو اس کے اردگرد تھے	بلاشبہ	یہ (موسیٰ)	البتہ جادوگر ہے	خوب جاننے والا (ماہر)

يُّرِيْدُ	اَنْ	يُّخْرِجَكُمْ	مِّنْ اَرْضِكُمْ	بِسِحْرِهٖ	فَمَاذَا	تَاْمُرُوْنَ ٣٥	قَالُوْٓا
وہ چاہتا ہے	یہ کہ	نکال دے تمہیں	تمہاری زمین سے	اپنے جادو کے ذریعے سے	تو کیا	مشورہ دیتے ہو تم؟	انہوں نے کہا

اَرْجِهْ	وَ	اَخَاهُ	وَابْعَثْ	فِي الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ ٣٦	يَاْتُوْكَ بِكُلِّ
تو اسے مہلت دے	اور	اس کے بھائی کو	اور تو بھیج	شہروں میں	اکٹھا کرنے والے	وہ تیرے پاس لے آئیں تمام

سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ٣٧	فَجُمِعَ	السَّحَرَةُ	لِمِيْقَاتِ	يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ٣٨	وَ	قِيْلَ	لِلنَّاسِ	هَلْ
بڑے بڑے ماہر جادوگر	چنانچہ جمع کیے گئے	جادوگر	(خاص) وقت پر	ایک معین دن کے	اور	کہا گیا	لوگوں سے	کیا

اَنْتُمْ	مُّجْتَمِعُوْنَ ٣٩	لَعَلَّنَا	نَتَّبِعُ	السَّحَرَةَ	اِنْ	كَانُوْا	هُمُ	الْغٰلِبِيْنَ ٤٠	فَلَمَّا	جَآءَ
تم (بھی)	جمع ہو گے؟	تاکہ ہم	اتباع کریں	جادوگروں کا	اگر	ہوں	وہی	غالب	پھر جب	آئے

السَّحَرَةُ	قَالُوْا	لِفِرْعَوْنَ	اَ	ئِنَّ	لَنَا	لَاَجْرًا	اِنْ	كُنَّا	نَحْنُ	الْغٰلِبِيْنَ ٤١
جادوگر	(تو) انہوں نے کہا	فرعون سے	کیا	بلاشبہ	ہمارے لیے	البتہ صلہ ہوگا	اگر	ہوں	ہم ہی	غالب؟

قَالَ	نَعَمْ	وَ	اِنَّكُمْ	اِذًا	لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ٤٢	قَالَ	لَهُمْ	مُّوْسٰى	اَلْقُوْا	مَآ
اس نے کہا	ہاں	اور	بلاشبہ تم	اس وقت	البتہ (میرے) مقرب لوگوں میں سے ہو گے	کہا	ان سے	موسیٰ نے	تم ڈالو	جو کچھ

اَنْتُمْ	مُّلْقُوْنَ ٤٣	فَاَلْقَوْا	حِبَالَهُمْ	وَ	عِصِيَّهُمْ	وَ	قَالُوْا	بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ	اِنَّا
تم	ڈالنے والے ہو	تو انہوں نے ڈالیں	اپنی رسیاں	اور	اپنی لاٹھیاں	اور	انہوں نے کہا	عزتِ فرعون کی قسم!	بلاشبہ ہم

لَنَحْنُ	الْغٰلِبُوْنَ ٤٤	فَاَلْقٰى	مُوْسٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا	هِيَ	تَلْقَفُ	مَا	يَاْفِكُوْنَ ٤٥	فَاُلْقِيَ
البتہ ہم ہی	غالب ہیں	پھر ڈالا	موسیٰ نے	اپنا عصا	تو ناگہاں	وہ	نگلتا تھا	جو کچھ	وہ جھوٹ باندھتے تھے	چنانچہ گرا دیے گئے

السَّحَرَةُ	سٰجِدِيْنَ ٤٦	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٤٧	رَبِّ مُوْسٰى	وَ	هٰرُوْنَ ٤٨
(وہ) جادوگر	سجدہ کرتے ہوئے	انہوں نے کہا	ہم ایمان لائے	رب العالمین کے ساتھ	جو موسیٰ کا رب ہے	اور	ہارون کا

قَالَ	اٰمَنْتُمْ	لَهٗ	قَبْلَ اَنْ	اٰذَنَ	لَكُمْ	اِنَّهٗ	لَكَبِيْرُكُمُ
اس (فرعون) نے کہا	کیا تم ایمان لے آئے	اس پر	پہلے اس سے کہ	میں اجازت دیتا	تمہیں	بلاشبہ وہ	البتہ تمہارا بڑا ہے

الَّذِيْ	عَلَّمَكُمُ	السِّحْرَ	فَلَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ ط	لَاُقَطِّعَنَّ	اَيْدِيَكُمْ	وَ	اَرْجُلَكُمْ
جس نے	تمہیں سکھایا ہے	جادو	لہٰذا یقیناً عنقریب	تم جان لو گے	البتہ میں ضرور کاٹوں گا	تمہارے ہاتھ	اور	تمہارے پاؤں

مِّنْ خِلَافٍ	وَّ	لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ	اَجْمَعِيْنَ ۝۴۹	قَالُوْا	لَا	ضَيْرَ
(ایک دوسرے کی) مخالف سمت سے	اور	البتہ میں تمہیں ضرور سولی پر لٹکاؤں گا	سب کو	انہوں نے کہا	نہیں	کوئی حرج (پروا)

اِنَّآ	اِلٰى رَبِّنَا	مُنْقَلِبُوْنَ ۝۵۰	اِنَّا	نَطْمَعُ	اَنْ	يَّغْفِرَ	لَنَا	رَبُّنَا
بے شک ہم	اپنے رب ہی کی طرف	لوٹنے والے ہیں	بلاشبہ ہم	امید رکھتے ہیں	یہ کہ	بخش دے گا	ہمارے لیے	ہمارا رب

خَطٰيٰنَآ	اَنْ	كُنَّآ	اَوَّلَ	الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۵۱	وَ	اَوْحَيْنَآ	اِلٰى مُوْسٰٓى	اَنْ
ہماری خطائیں	اس لیے کہ	ہم ہی ہیں	پہلے	ایمان لانے والے	اور	ہم نے وحی کی	موسیٰ کی طرف	یہ کہ

اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ	اِنَّكُمْ	مُّتَّبَعُوْنَ ۝۵۲	فَاَرْسَلَ	فِرْعَوْنُ	فِي الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ ۝۵۳
تو (نکال) لے جا رات کو میرے بندوں کو	بلاشبہ تم	پیچھا کیے جاؤ گے	پھر بھیجے	فرعون نے	شہروں میں	اکٹھا کرنے والے

اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	لَشِرْذِمَةٌ	قَلِيْلُوْنَ ۝۵۴	وَ	اِنَّهُمْ	لَنَا	لَغَآئِظُوْنَ ۝۵۵	وَ	اِنَّا
(یہ کہتے ہوئے) بلاشبہ	یہ لوگ ہیں	البتہ ایک جماعت	تھوڑی سی	اور	بلاشبہ وہ	ہمیں	یقیناً غصہ دلانے والے ہیں	اور	بلاشبہ ہم

لَجَمِيْعٌ	حٰذِرُوْنَ ۝۵۶	فَاَخْرَجْنٰهُمْ	مِّنْ جَنّٰتٍ	وَّ	عُيُوْنٍ ۝۵۷	وَّ	كُنُوْزٍ	وَّ	مَقَامٍ كَرِيْمٍ ۝۵۸
البتہ سب	خطرہ رکھنے والے ہیں	چنانچہ ہم نے انہیں نکالا	باغات سے	اور	چشموں	اور	خزانوں	اور	عمدہ قیام گاہوں (سے)

كَذٰلِكَ	وَ	اَوْرَثْنٰهَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝۵۹	فَاَتْبَعُوْهُمْ
اسی طرح (ہوا)	اور	ہم نے ان چیزوں کا وارث بنایا	بنی اسرائیل کو	چنانچہ وہ (فرعونی) پیچھے لگے ان (بنی اسرائیل) کے

مُّشْرِقِيْنَ ۝۶۰	فَلَمَّا	تَرَآءَ	الْجَمْعٰنِ	قَالَ	اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى	اِنَّا	لَمُدْرَكُوْنَ ۝۶۱
سورج نکلتے وقت	پھر جب	ایک دوسرے کو دیکھا	دونوں جماعتوں نے	کہا	اصحابِ موسیٰ نے	یقیناً ہم	تو پکڑے گئے

قَالَ	كَلَّا	اِنَّ	مَعِيَ	رَبِّيْ	سَيَهْدِيْنِ ۝۶۲	فَاَوْحَيْنَآ	اِلٰى مُوْسٰٓى
اس (موسیٰ) نے کہا	ہرگز نہیں!	بلاشبہ	میرے ساتھ	میرا رب ہے	وہ ضرور میری راہنمائی کرے گا	تو ہم نے وحی کی	موسیٰ کی طرف

اَنِ	اضْرِبْ	بِّعَصَاكَ	الْبَحْرَ	فَانْفَلَقَ	فَكَانَ	كُلُّ	فِرْقٍ	كَالطَّوْدِ	الْعَظِيْمِ ۝۶۳	وَ
یہ کہ	تو مار	اپنا عصا	سمندر کو	تو وہ (سمندر) پھٹ گیا	پھر ہو گیا	ہر ایک	ٹکڑا (سمندر کا)	جیسے پہاڑ	بہت بڑا	اور

اَزْلَفْنَا	ثَمَّ	الْاٰخَرِيْنَ ۝۶۴	وَ	اَنْجَيْنَا	مُوْسٰى	وَ	مَنْ	مَّعَهٗٓ
ہم نے قریب کر دیا	وہاں	دوسروں کو	اور	ہم نے نجات دی	موسیٰ کو	اور	ان لوگوں کو جو	اس کے ساتھ تھے

اَجْمَعِيْنَ ۝۶۵	ثُمَّ	اَغْرَقْنَا	الْاٰخَرِيْنَ ۝۶۶	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا	كَانَ
سبھی کو	پھر	ہم نے غرق کر دیا	دوسروں (فرعونیوں) کو	بلاشبہ	اس میں	البتہ ایک (عظیم) نشانی ہے	اور	نہیں	تھے

اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٦٧﴾	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ ﴿٦٨﴾ ع	وَ	اتْلُ
ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور	بلاشبہ	آپ کا رب	البتہ وہ ہے	نہایت غالب	بہت رحم کرنے والا	اور	آپ تلاوت کیجیے

عَلَيْهِمْ	نَبَاَ	اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾	اِذْ	قَالَ	لِاَبِيْهِ	وَ	قَوْمِهٖ	مَا	تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٠﴾
ان (کفار مکہ) پر	خبر	ابراہیم کی	جب	اس نے کہا	اپنے باپ سے	اور	اپنی قوم (سے)	کس چیز کی	تم عبادت کرتے ہو؟

قَالُوْا	نَعْبُدُ	اَصْنَامًا	فَنَظَلُّ	لَهَا	عٰكِفِيْنَ ﴿٧١﴾	قَالَ	هَلْ
انہوں نے کہا	ہم عبادت کرتے ہیں	بتوں کی	اور ہم ہمیشہ رہیں گے	ان کی	تعظیم کرنے والے	اس (ابراہیم) نے کہا	کیا

يَسْمَعُوْنَكُمْ	اِذْ	تَدْعُوْنَ ﴿٧٢﴾	اَوْ	يَنْفَعُوْنَكُمْ	اَوْ	يَضُرُّوْنَ ﴿٧٣﴾	قَالُوْا	بَلْ
وہ تمہاری سنتے ہیں	جب	تم (انہیں) پکارتے ہو؟	یا	وہ تمہیں نفع دیتے ہیں	یا	وہ نقصان دیتے ہیں؟	انہوں نے کہا	(نہیں نہیں) بلکہ

وَجَدْنَآ	اٰبَآءَنَا	كَذٰلِكَ	يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٤﴾	قَالَ	اَفَرَءَيْتُمْ	مَّا	كُنْتُمْ
ہم نے پایا	اپنے باپ دادا کو	اسی طرح	وہ کرتے تھے	اس (ابراہیم) نے کہا	کیا پھر تم نے دیکھا	جن کی	ہوتم

تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٥﴾	اَنْتُمْ	وَ	اٰبَآؤُكُمُ	الْاَقْدَمُوْنَ ﴿٧٦﴾	فَاِنَّهُمْ	عَدُوٌّ	لِّيْٓ	اِلَّا
عبادت کرتے	تم	اور	تمہارے باپ دادا	پہلے	چنانچہ بلاشبہ وہ	دشمن ہیں	میرے	سوائے

رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٧﴾	الَّذِيْ	خَلَقَنِيْ	فَهُوَ	يَهْدِيْنِ ﴿٧٨﴾	وَ	الَّذِيْ	هُوَ	يُطْعِمُنِيْ	وَ
رب العالمین کے	وہ جس نے	مجھے پیدا کیا	پس وہی	میری رہنمائی کرتا ہے	اور	وہ جو کہ	وہ	مجھے کھلاتا ہے	اور

يَسْقِيْنِ ﴿٧٩﴾	وَ	اِذَا	مَرِضْتُ	فَهُوَ	يَشْفِيْنِ ﴿٨٠﴾	وَ	الَّذِيْ	يُمِيْتُنِيْ	ثُمَّ	يُحْيِيْنِ ﴿٨١﴾	وَ
مجھے پلاتا ہے	اور	جب	میں بیمار ہوتا ہوں	پھر وہی	مجھے شفا دیتا ہے	اور	وہ جو	مجھے مارے گا	پھر	مجھے زندہ کرے گا	اور

الَّذِيْٓ	اَطْمَعُ	اَنْ	يَّغْفِرَ	لِيْ	خَطِيْٓــَٔتِيْ	يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٨٢﴾ ط	رَبِّ	هَبْ	لِيْ
وہ جس سے	میں امید رکھتا ہوں	کہ	وہ بخش دے گا	مجھے	میری خطائیں	جزا کے دن	اے میرے رب!	تو عطا کر	مجھے

حُكْمًا	وَّ	اَلْحِقْنِيْ	بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٣﴾	وَ	اجْعَلْ	لِّيْ	لِسَانَ	صِدْقٍ	فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿٨٤﴾
حکمت	اور	مجھے ملا دے	صالح لوگوں کے ساتھ	اور	تو بنادے	میرے لیے	زبان	سچائی کی (جاری رکھ میرا ذکر خیر)	پچھلے لوگوں میں

وَ	اجْعَلْنِيْ	مِنْ وَّرَثَةِ	جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿٨٥﴾	وَ	اغْفِرْ	لِاَبِيْٓ	اِنَّهٗ	كَانَ	مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٨٦﴾
اور	بنادے مجھے	وارثوں میں سے	نعمتوں والی جنت کے	اور	تو بخش دے	میرے باپ کو	بلاشبہ وہ	تھا	گمراہوں میں سے

وَ	لَا	تُخْزِنِيْ	يَوْمَ	يُبْعَثُوْنَ ﴿٨٧﴾	يَوْمَ	لَا	يَنْفَعُ	مَالٌ	وَّ	لَا	بَنُوْنَ ﴿٨٨﴾
اور	نہ	تو مجھے رسوا کرنا	اس دن	کہ وہ (سب) دوبارہ اٹھائے جائیں گے	جس دن	نہیں	نفع دے گا	مال	اور	نہ	بیٹے (اولاد)

اِلَّا	مَنْ	اَتَى	اللّٰهَ	بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٩﴾	وَ	اُزْلِفَتِ	الْجَنَّةُ	لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿٩٠﴾	وَ
مگر	(اس کو) جو	آیا (حاضر ہوا)	اللہ کے پاس	قلبِ سلیم کے ساتھ	اور	قریب کی جائے گی	جنت	پرہیزگاروں کے لیے	اور

بُرِّزَتِ	الْجَحِيْمُ	لِلْغٰوِيْنَ ﴿٩١﴾	وَ	قِيْلَ	لَهُمْ	اَيْنَمَا	كُنْتُمْ	تَعْبُدُوْنَ ﴿٩٢﴾
ظاہر کی جائے گی	جہنم	گمراہوں کے لیے	اور	کہا جائے گا	ان سے	کہاں ہیں وہ جن کی	تم تھے	عبادت کرتے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ	هَلْ	يَنْصُرُوْنَكُمْ	اَوْ	يَنْتَصِرُوْنَ ﴿٩٣﴾ ؕ	فَكُبْكِبُوْا	فِيْهَا
سوائے اللہ کے؟	کیا	وہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں؟	یا	وہ بدلہ لے سکتے ہیں؟	پھر وہ اوندھے منہ ڈالے جائیں گے	اس میں

هُمْ	وَ	الْغَاوٗنَ ﴿٩٤﴾	وَ	جُنُوْدُ اِبْلِيْسَ	اَجْمَعُوْنَ ﴿٩٥﴾ ؕ	قَالُوْا	وَ	هُمْ	فِيْهَا	يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٩٦﴾
وہ	اور	(سب) گمراہ (لوگ)	اور	ابلیس کے لشکر	سب کے سب	وہ کہیں گے	جب کہ	وہ	اس میں	جھگڑتے ہوں گے

تَاللّٰهِ	اِنْ	كُنَّا	لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٩٧﴾	اِذْ	نُسَوِّيْكُمْ	بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٩٨﴾	وَ	مَآ
اللہ کی قسم!	بلاشبہ	ہم تھے	البتہ صریح گمراہی میں	جب کہ	ہم تمہیں برابر ٹھہراتے تھے	رب العالمین کے ساتھ	اور	نہیں

اَضَلَّنَآ	اِلَّا	الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٩٩﴾	فَمَا	لَنَا	مِنْ شَافِعِيْنَ ﴿١٠٠﴾	وَ	لَا	صَدِيْقٍ
ہمیں گمراہ کیا تھا	مگر	(ان بڑے) مجرموں ہی نے	چنانچہ نہیں ہے	ہمارے لیے	کوئی بھی سفارشی	اور	نہ	کوئی دوست

حَمِيْمٍ ﴿١٠١﴾	فَلَوْ	اَنَّ	لَنَا	كَرَّةً	فَنَكُوْنَ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٢﴾	اِنَّ
مخلص	پھر کاش کہ	بے شک	ہو ہمارے لیے	ایک بار لوٹنا (دنیا میں)	تو ہوں گے ہم	مومنوں میں سے	بلاشبہ

فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً ؕ	وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ
اس (قصۂ ابراہیم) میں	البتہ (عظیم) نشانی ہے	اور	نہیں	ہیں	ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور	بلاشبہ	آپ کا رب

لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾ ع	كَذَّبَتْ	قَوْمُ نُوْحِ	الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٠٥﴾	اِذْ	قَالَ	لَهُمْ
البتہ وہ ہے	نہایت غالب	بہت رحم کرنے والا	جھٹلایا	قوم نوح نے	رسولوں کو	جب	کہا	ان کو

اَخُوْهُمْ نُوْحٌ	اَ	لَا	تَتَّقُوْنَ ﴿١٠٦﴾	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِيْنٌ ﴿١٠٧﴾	فَاتَّقُوا اللّٰهَ
ان کے بھائی نوح نے	کیا	نہیں	ڈرتے تم (اللہ سے)؟	بلاشبہ میں ہوں	تمہارے لیے	رسول	امانت دار	لہٰذا تم اللہ سے ڈرو

وَ	اَطِيْعُوْنِ ﴿١٠٨﴾	وَ	مَآ	اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ	اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا
اور	میری اطاعت کرو	اور	نہیں	میں تم سے مانگتا	اس (تبلیغ) پر	کوئی	اجر (صلہ)	نہیں ہے	میرا اجر	مگر

عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٩﴾	فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوْنِ ﴿١١٠﴾ ؕ	قَالُوْٓا	اَ	نُؤْمِنُ	لَكَ	وَ
رب العالمین کے ذمے	لہٰذا تم اللہ سے ڈرو	اور	میری اطاعت کرو	انہوں نے کہا	کیا	ہم ایمان لائیں	تجھ پر	حالانکہ

اتَّبَعَكَ	الْاَرْذَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾	قَالَ	وَ	مَا عِلْمِيْ	بِمَا	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۲﴾	اِنْ
تیری پیروی کی ہے	رذیل لوگوں نے؟	اس (نوح) نے کہا	اور	مجھے کیا علم	اس کا جو کچھ	تھے وہ	عمل کرتے؟	نہیں ہے

حِسَابُهُمْ	اِلَّا	عَلٰى رَبِّيْ	لَوْ	تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾	وَ	مَآ	اَنَا	بِطَارِدِ	الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۴﴾
ان کا حساب	مگر	میرے رب کے ذمے	کاش کہ	تم شعور رکھتے	اور	نہیں ہوں	میں	دور کرنے والا	ایمان والوں کو

اِنْ	اَنَا	اِلَّا	نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۵﴾	قَالُوْا	لَئِنْ	لَّمْ	تَنْتَهِ	يٰنُوْحُ	لَتَكُوْنَنَّ
نہیں ہوں	میں	مگر	ڈرانے والا	کھلم کھلا	انہوں نے کہا	البتہ اگر	نہ	تو رکا اس سے	اے نوح!	(تو) البتہ تو ضرور ہو جائے گا

مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾	قَالَ	رَبِّ	اِنَّ	قَوْمِيْ	كَذَّبُوْنِ ﴿۱۱۷﴾	فَافْتَحْ
سنگسار کیے ہوئے لوگوں میں سے	اس (نوح) نے کہا	اے میرے رب!	بے شک	میری قوم نے	مجھے جھٹلا دیا ہے	لہٰذا تو فیصلہ کر

النصف

بَيْنِيْ	وَ	بَيْنَهُمْ	فَتْحًا	وَّ	نَجِّنِيْ	وَ	مَنْ	مَّعِيَ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾
میرے درمیان	اور	ان کے درمیان	(قطعی) فیصلہ	اور	تو نجات دے مجھے	اور	ان لوگوں کو جو	میرے ساتھ ہیں	ایمان والوں میں سے

فَاَنْجَيْنٰهُ	وَ	مَنْ	مَّعَهٗ	فِي الْفُلْكِ	الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۱۹﴾	ثُمَّ	اَغْرَقْنَا	بَعْدُ
چنانچہ ہم نے نجات دی اسے	اور	ان لوگوں کو جو	اس کیساتھ تھے	اس کشتی میں	جو بھری ہوئی تھی	پھر	ہم نے غرق کر دیا	اس کے بعد

الْبٰقِيْنَ ﴿۱۲۰﴾	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾	وَ	اِنَّ
باقی لوگوں کو	بلاشبہ	اس میں	البتہ (عظیم) نشانی ہے	اور	نہیں	تھے	ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور	بلاشبہ

رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۲﴾	كَذَّبَتْ	عَادُ	الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾	اِذْ	قَالَ	لَهُمْ
آپ کا رب	البتہ وہ ہے	نہایت غالب	بہت رحم کرنے والا	جھٹلایا	(قوم) عاد نے	رسولوں کو	جب	کہا	ان سے

اَخُوْهُمْ	هُوْدٌ	اَ	لَا	تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِيْنٌ ﴿۱۲۵﴾	فَاتَّقُوا اللّٰهَ
ان کے بھائی	ہود نے	کیا	نہیں	ڈرتے تم (اللہ سے)؟	بے شک میں ہوں	تمہارے لیے	رسول	امانت دار	لہٰذا تم اللہ سے ڈرو

وَ	اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۲۶﴾	وَ	مَآ	اَسْئَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ	اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا
اور	میری اطاعت کرو	اور	نہیں	میں تم سے مانگتا	اس (تبلیغ) پر	کوئی	اجر (صلہ)	نہیں ہے	میرا اجر	مگر

عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۷﴾	اَ	تَبْنُوْنَ	بِكُلِّ رِيْعٍ	اٰيَةً	تَعْبَثُوْنَ ﴿۱۲۸﴾	وَ	تَتَّخِذُوْنَ
رب العالمین کے ذمے	کیا	تم بناتے ہو	ہر اونچی جگہ پر	ایک نشانی (عمارت)	کھیلتے ہوئے	اور	تم بناتے (تعمیر کرتے) ہو

مَصَانِعَ	لَعَلَّكُمْ	تَخْلُدُوْنَ ﴿۱۲۹﴾	وَ	اِذَا	بَطَشْتُمْ	بَطَشْتُمْ	جَبَّارِيْنَ ﴿۱۳۰﴾	فَاتَّقُوا اللّٰهَ
(رہائشی) مضبوط محل	شاید کہ تم	ہمیشہ (یہاں ہی) رہو گے	اور	جب	تم پکڑتے ہو	(تو) پکڑتے ہو	سرکشوں کی طرح	لہٰذا تم اللہ سے ڈرو

وَ	اَطِیْعُوْنِ ﴿۱۳۱﴾	وَ	اتَّقُوا	الَّذِیْٓ	اَمَدَّكُمْ	بِمَا	تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾
اور	میری اطاعت کرو	اور	تم ڈرو	اس (اللہ) سے جس نے	تمہیں بڑھایا	ان چیزوں کے ساتھ جو	تم جانتے ہو

اَمَدَّكُمْ	بِاَنْعَامٍ وَّ بَنِیْنَ ﴿۱۳۳﴾	وَ	جَنّٰتٍ	وَّ	عُیُوْنٍ ﴿۱۳۴﴾	اِنِّیْٓ	اَخَافُ	عَلَیْكُمْ
اس نے تمہیں بڑھایا ہے	مویشیوں اور بیٹوں (اولاد) کے ساتھ	اور	باغات	اور	چشموں کے (ساتھ)	بے شک میں	ڈرتا ہوں	تم پر

عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۳۵﴾	قَالُوْا	سَوَآءٌ	عَلَیْنَآ	اَ	وَعَظْتَ	اَمْ	لَمْ	تَكُنْ	مِّنَ الْوٰعِظِیْنَ ﴿۱۳۶﴾
ایک بہت بڑے دن کے عذاب سے	انہوں نے کہا	برابر ہے	ہم پر	خواہ	تو نصیحت کرے	یا	نہ	ہوتو	نصیحت کرنیوالوں میں سے

اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا	خُلُقُ	الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۳۷﴾	وَ	مَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِیْنَ ﴿۱۳۸﴾	فَكَذَّبُوْهُ
نہیں ہے	یہ	مگر	عادت	پہلے لوگوں کی	اور	نہیں	ہم	عذاب دیے جائیں گے	پھر انہوں نے اسے جھٹلایا

فَاَهْلَكْنٰهُمْ ؕ	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیَةً ؕ	وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۳۹﴾
تو ہم نے ان کو ہلاک کر دیا	بے شک	اس میں	البتہ (عظیم) نشانی ہے	اور	نہیں	تھے	ان کے اکثر	ایمان لانے والے

وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِیْزُ	الرَّحِیْمُ ﴿۱۴۰﴾	كَذَّبَتْ	ثَمُوْدُ	الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۱۴۱﴾	اِذْ	قَالَ
اور	بلاشبہ	آپ کا رب	البتہ وہ ہے	نہایت غالب	بہت رحم کرنے والا	جھٹلایا	(قوم) ثمود نے	رسولوں کو	جب	کہا

لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	صٰلِحٌ	اَ	لَا	تَتَّقُوْنَ ﴿۱۴۲﴾	اِنِّیْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِیْنٌ ﴿۱۴۳﴾
ان سے	ان کے بھائی	صالح نے	کیا	نہیں	ڈرتے تم (اللہ سے)؟	بلاشبہ میں ہوں	تمہارے لیے	رسول	امانت دار

فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَ	اَطِیْعُوْنِ ﴿۱۴۴﴾	وَ	مَآ	اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَیْهِ	مِنْ	اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِیَ
لہٰذا تم اللہ سے ڈرو	اور	میری اطاعت کرو	اور	نہیں	میں تم سے مانگتا	اس پر	کوئی	اجر (صلہ)	نہیں ہے	میرا اجر

اِلَّا	عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۴۵﴾	اَ	تُتْرَكُوْنَ	فِیْ مَا	هٰهُنَآ	اٰمِنِیْنَ ﴿۱۴۶﴾	فِیْ جَنّٰتٍ
مگر	رب العالمین ہی کے ذمے	کیا	تم چھوڑ دیے جاؤ گے	ان چیزوں میں جو	یہاں ہیں	امن سے؟	(یعنی) باغات میں

وَّ	عُیُوْنٍ ﴿۱۴۷﴾	وَّ	زُرُوْعٍ	وَّ	نَخْلٍ	طَلْعُهَا	هَضِیْمٌ ﴿۱۴۸﴾	وَ	تَنْحِتُوْنَ
اور	چشموں میں	اور	کھیتوں میں	اور	کھجوروں میں	جن کے شگوفے	نرم و نازک (اور ملائم) ہیں	اور	تم تراشتے ہو

مِنَ الْجِبَالِ	بُیُوْتًا	فٰرِهِیْنَ ﴿۱۴۹﴾	فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَ	اَطِیْعُوْنِ ﴿۱۵۰﴾	وَ	لَا	تُطِیْعُوْٓا	اَمْرَ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۱۵۱﴾
پہاڑوں سے	گھر	اِتراتے ہوئے	چنانچہ تم اللہ سے ڈرو	اور	میری اطاعت کرو	اور	نہ	تم اطاعت کرو	حد سے بڑھنے والوں کے حکم کی

الَّذِیْنَ	یُفْسِدُوْنَ	فِی الْاَرْضِ	وَ	لَا	یُصْلِحُوْنَ ﴿۱۵۲﴾	قَالُوْٓا	اِنَّمَآ	اَنْتَ	مِنَ الْمُسَحَّرِیْنَ ﴿۱۵۳﴾
وہ جو	فساد کرتے ہیں	زمین میں	اور	نہیں	وہ اصلاح کرتے	انہوں نے کہا	یقیناً	تو	سحر زدہ لوگوں میں سے ہے

مَآ	اَنْتَ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	فَاْتِ بِاٰيَةٍ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿١٥٤﴾
نہیں ہے	تو (کچھ اور)	مگر	بشر	ہم جیسا ہی	چنانچہ تو لے آ کوئی نشانی (معجزہ)	اگر	تو ہے	سچوں میں سے

قَالَ	هٰذِهٖ	نَاقَةٌ	لَّهَا	شِرْبٌ	وَّ	لَكُمْ	شِرْبُ
اس (صالح) نے کہا	یہ	اونٹنی (معجزہ) ہے	اس کے لیے	پانی پینے کی باری ہے	اور	تمہارے لیے	پانی پینے کی باری ہے

يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿١٥٥﴾	وَ	لَا	تَمَسُّوْهَا	بِسُوْٓءٍ	فَيَاْخُذَكُمْ	عَذَابُ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥٦﴾
ایک مقرر دن میں	اور	نہ	تم اسے ہاتھ لگانا	برائی سے	چنانچہ تمہیں آ پکڑے گا	عذاب	ایک بہت بڑے دن کا

فَعَقَرُوْهَا	فَاَصْبَحُوْا	نٰدِمِيْنَ ﴿١٥٧﴾	فَاَخَذَهُمُ	الْعَذَابُ ؕ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ
پھر انہوں نے اس کی ٹانگیں کاٹ ڈالیں	پھر وہ ہو گئے	سخت نادم	بالآخر آ پکڑا ان کو	عذاب نے	بے شک	اس میں

لَاٰيَةً ؕ	وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٥٨﴾	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ
البتہ (عظیم) نشانی ہے	اور	نہیں	تھے	ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور	بلاشبہ	آپ کا رب	البتہ وہ ہے	نہایت غالب

الرَّحِيْمُ ﴿١٥٩﴾	كَذَّبَتْ	قَوْمُ لُوْطِ ِۨ	الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٦٠﴾	اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	لُوْطٌ	اَ	لَا
بہت رحم کرنے والا	جھٹلایا	قوم لوط نے	رسولوں کو	جب	کہا	ان سے	ان کے بھائی	لوط نے	کیا	نہیں

تَتَّقُوْنَ ﴿١٦١﴾	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِيْنٌ ﴿١٦٢﴾	فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوْنِ ﴿١٦٣﴾	وَ	مَآ
ڈرتے تم (اللہ سے)؟	بلاشبہ میں ہوں	تمہارے لیے	رسول	امین	لہٰذا تم اللہ سے ڈرو	اور	میری اطاعت کرو	اور	نہیں

اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا	عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٤﴾	اَ	تَاْتُوْنَ
میں تم سے مانگتا	اس پر	کوئی اجر	نہیں ہے	میرا اجر	مگر	(اللہ) رب العالمین کے ذمے	کیا	تم آتے ہو (جنسی تسکین کے لیے)

الذُّكْرَانَ	مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٥﴾	وَ	تَذَرُوْنَ	مَا	خَلَقَ	لَكُمْ	رَبُّكُمْ	مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ؕ
مردوں کے پاس	جہان (والوں) میں سے	اور	تم چھوڑ دیتے ہو	جنہیں	پیدا کیا	تمہارے لیے	تمہارے رب نے	تمہاری بیویوں میں سے

بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ	عٰدُوْنَ ﴿١٦٦﴾	قَالُوْا	لَئِنْ	لَّمْ	تَنْتَهِ	يٰلُوْطُ	لَتَكُوْنَنَّ
بلکہ	تم	لوگ ہو	حد سے بڑھنے والے	انہوں نے کہا	البتہ اگر	نہ	باز آیا تو	اے لوط!	تو یقیناً تو ہو جائے گا

مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴿١٦٧﴾	قَالَ	اِنِّيْ	لِعَمَلِكُمْ	مِّنَ الْقَالِيْنَ ﴿١٦٨﴾ ؕ	رَبِّ
نکالے ہوئے لوگوں میں سے	اس (لوط) نے کہا	بے شک میں ہوں	تمہارے عمل کو	ناپسند کرنے والوں میں سے	اے میرے رب!

نَجِّنِيْ	وَ	اَهْلِيْ	مِمَّا	يَعْمَلُوْنَ ﴿١٦٩﴾	فَنَجَّيْنٰهُ	وَ	اَهْلَهٗٓ
تو نجات دے مجھے	اور	میرے گھر والوں کو	اس (انجام) سے جو	وہ کرتے ہیں	چنانچہ ہم نے نجات دی اسے	اور	اس کے اہل کو

اَجۡمَعِيۡنَ ﴿۱۷۰﴾	اِلَّا	عَجُوۡزًا	فِي الۡغٰبِرِيۡنَ ﴿۱۷۱﴾	ثُمَّ	دَمَّرۡنَا	الۡاٰخَرِيۡنَ ﴿۱۷۲﴾	وَ
سبھی کو	سوائے	ایک بڑھیا کے	وہ بھی پیچھے رہنے والوں میں سے	پھر	ہم نے ہلاک کر دیا	دوسروں کو	اور

اَمۡطَرۡنَا	عَلَيۡهِمۡ	مَّطَرًا	فَسَآءَ	مَطَرُ	الۡمُنۡذَرِيۡنَ ﴿۱۷۳﴾	اِنَّ	فِيۡ ذٰلِكَ
ہم نے بارش برسائی	ان پر (پتھروں کی)	بارش	چنانچہ بری تھی	بارش	ان لوگوں کی جو ڈرائے گئے تھے (عذاب سے)	بلاشبہ	اس میں

لَاٰيَةً ؕ	وَ	مَا	كَانَ	اَكۡثَرُهُمۡ	مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۷۴﴾	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ
عظیم نشانی ہے (قدرت کی)	اور	نہیں	تھے	ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور	بلاشبہ	آپ کا رب	البتہ وہ ہے

الۡعَزِيۡزُ	الرَّحِيۡمُ ﴿۱۷۵﴾	كَذَّبَ	اَصۡحٰبُ لۡئَيۡكَةِ	الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿۱۷۶﴾	اِذۡ	قَالَ	لَهُمۡ	شُعَيۡبٌ	اَ	لَا
نہایت غالب	بہت رحم کرنے والا	جھٹلایا	ایکہ (بستی) والوں نے	رسولوں کو	جب	کہا	ان سے	شعیب نے	کیا	نہیں

تَتَّقُوۡنَ ﴿۱۷۷﴾	اِنِّيۡ	لَـكُمۡ	رَسُوۡلٌ	اَمِيۡنٌ ﴿۱۷۸﴾	فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَ	اَطِيۡعُوۡنِ ﴿۱۷۹﴾	وَ	مَاۤ
ڈرتے تم (اللہ سے)؟	بلاشبہ میں ہوں	تمہارے لیے	رسول	امین	لہٰذا تم اللہ سے ڈرو	اور	میری اطاعت کرو	اور	نہیں

اَسۡـئَلُكُمۡ	عَلَيۡهِ	مِنۡ اَجۡرٍ	اِنۡ	اَجۡرِىَ	اِلَّا	عَلٰى رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۱۸۰﴾ؕ	اَوۡفُوا	الۡـكَيۡلَ
میں تم سے مانگتا	اس (تبلیغ) پر	کوئی اجر (صلہ)	نہیں ہے	میرا اجر	مگر	رب العالمین کے ذمے	تم پورا بھر کر دو	ماپ

وَ	لَا	تَكُوۡنُوۡا	مِنَ الۡمُخۡسِرِيۡنَ ﴿۱۸۱﴾	وَ	زِنُوۡا	بِالۡقِسۡطَاسِ الۡمُسۡتَقِيۡمِ ﴿۱۸۲﴾	وَ	لَا	تَبۡخَسُوا
اور	نہ	ہو تم	دوسروں کو نقصان دینے والوں میں سے	اور	تم تولو	سیدھی ترازو کے ساتھ	اور	نہ	تم کم دو

النَّاسَ	اَشۡيَآءَهُمۡ	وَ	لَا	تَعۡثَوۡا	فِى الۡاَرۡضِ	مُفۡسِدِيۡنَ ﴿۱۸۳﴾	وَ	اتَّقُوا	الَّذِىۡ
لوگوں کو	ان کی چیزیں	اور	نہ	تم دوڑو	زمین میں	فساد کرتے ہوئے	اور	تم ڈرو	اس (اللہ کی) ذات سے

خَلَقَكُمۡ	وَ	الۡجِـبِلَّةَ	الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۱۸۴﴾ؕ	قَالُوۡۤا	اِنَّمَاۤ	اَنۡتَ	مِنَ الۡمُسَحَّرِيۡنَ ﴿۱۸۵﴾	وَ	مَاۤ
جس نے تمہیں پیدا کیا	اور	مخلوق	پہلی کو (بھی)	انہوں نے کہا	یقیناً	تو	سحر زدہ لوگوں میں سے ہے	اور	نہیں ہے

اَنۡتَ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثۡلُنَا	وَ	اِنۡ	نَّظُنُّكَ	لَمِنَ الۡكٰذِبِيۡنَ ﴿۱۸۶﴾	فَاَسۡقِطۡ	عَلَيۡنَا
تو (کچھ اور)	مگر	بشر	ہم جیسا ہی	اور	بلاشبہ	ہم تجھے گمان کرتے ہیں	البتہ جھوٹوں میں سے	چنانچہ تو گرا دے	ہم پر

كِسَفًا	مِّنَ السَّمَآءِ	اِنۡ	كُنۡتَ	مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ ﴿۱۸۷﴾ؕ	قَالَ	رَبِّىۡۤ	اَعۡلَمُ	بِمَا
ایک ٹکڑا	آسمان سے	اگر	ہے تو	سچوں میں سے	اس (شعیب) نے کہا	میرا رب	خوب جانتا ہے	اس کو جو

تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۸۸﴾	فَكَذَّبُوۡهُ	فَاَخَذَهُمۡ	عَذَابُ يَوۡمِ الظُّلَّةِ ؕ	اِنَّهٗ	كَانَ	عَذَابَ
تم کرتے ہو	چنانچہ انہوں نے اسے جھٹلایا	تو پکڑ لیا ان کو	سائے والے دن کے عذاب نے	بلاشبہ وہ	تھا	عذاب

يَوْمٍ عَظِيْمٍ ١٨٩	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً ۭ	وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ١٩٠	وَ	اِنَّ
ایک بڑے دن کا	بلاشبہ	اس میں	البتہ (عظیم) نشانی ہے	اور	نہیں	تھے	ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور	بلاشبہ

رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ ١٩١	وَ	اِنَّهٗ	لَتَنْزِيْلُ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ١٩٢
آپ کا رب	البتہ وہ ہے	نہایت غالب	بہت رحم کرنے والا	اور	بلاشبہ وہ (قرآن)	البتہ نازل کیا ہوا ہے	رب العالمین کا

نَزَلَ	بِهِ	الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ١٩٣	عَلٰى قَلْبِكَ	لِتَكُوْنَ	مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ١٩٤
اترا ہے	اس کو لے کر	روح الامین (جبرائیل)	(یہ قرآن اترا) آپ کے دل پر	تاکہ آپ ہوں	ڈرانے والوں میں سے

بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ١٩٥	وَ	اِنَّهٗ	لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ١٩٦	اَوَ	لَمْ	يَكُنْ	لَّهُمْ
فصیح عربی زبان میں	اور	بلاشبہ وہ (اس کا ذکر)	پہلی کتابوں میں بھی (موجود) ہے	کیا	نہیں	ہے	ان کے لیے

اٰيَةً	اَنْ	يَّعْلَمَهٗ	عُلَمٰۗؤُا	بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ١٩٧	وَ	لَوْ	نَزَّلْنٰهُ
ایک نشانی	یہ کہ	جانتے ہیں اس (قرآن یا رسول) کو	علماء	بنی اسرائیل کے؟	اور	اگر	ہم اس (قرآن) کو نازل کرتے

عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ١٩٨	فَقَرَاَهٗ	عَلَيْهِمْ	مَّا	كَانُوْا	بِهِ	مُؤْمِنِيْنَ ١٩٩	كَذٰلِكَ
عجمیوں میں سے کسی پر	پھر وہ اسے پڑھتا	ان پر	(تو بھی) نہ	ہوتے وہ	اس پر	ایمان لانے والے	اسی طرح

سَلَكْنٰهُ	فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ٢٠٠	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِهِ	حَتّٰى	يَرَوُا
ہم نے اس (تکذیب) کو داخل کیا	مجرموں کے دلوں میں	نہیں	وہ ایمان لائیں گے	اس پر	حتی کہ	وہ دیکھ لیں

الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ٢٠١	فَيَاْتِيَهُمْ	بَغْتَةً	وَّ	هُمْ	لَا	يَشْعُرُوْنَ ٢٠٢
نہایت دردناک عذاب	چنانچہ وہ (عذاب) ان کے پاس آجائے گا	اچانک ہی	جب کہ	وہ	نہ	شعور رکھتے ہوں گے

فَيَقُوْلُوْا	هَلْ	نَحْنُ	مُنْظَرُوْنَ ٢٠٣	اَ	فَبِعَذَابِنَا	يَسْتَعْجِلُوْنَ ٢٠٤	اَ
تو وہ کہیں گے	کیا	ہم	مہلت دیے جائیں گے؟	کیا	پھر ہمارے عذاب کو	وہ (لوگ) جلدی طلب کرتے ہیں؟	کیا

فَرَءَيْتَ	اِنْ	مَّتَّعْنٰهُمْ	سِنِيْنَ ٢٠٥	ثُمَّ	جَاۗءَهُمْ	مَّا	كَانُوْا
پس آپ نے دیکھا	اگر	ہم ان کو فائدہ دیں	کئی سال؟	پھر	آجائے ان کے پاس	وہ (عذاب) جس کا	تھے وہ

يُوْعَدُوْنَ ٢٠٦	مَآ	اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا	يُمَتَّعُوْنَ ٢٠٧	وَ	مَآ
وعدہ دیے جاتے	(تو) نہیں	کفایت کریں گی	ان سے	وہ چیزیں جن سے	تھے وہ	فائدہ پہنچائے جاتے	اور	نہیں

اَهْلَكْنَا	مِنْ قَرْيَةٍ	اِلَّا	لَهَا	مُنْذِرُوْنَ ٢٠٨	ذِكْرٰى	وَ	مَا	كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ ٢٠٩
ہم نے ہلاک کی	کوئی بستی	مگر	اس کے لیے	(بھیجے گئے) تھے ڈرانے والے	یاد دہانی کے لیے	اور	نہیں	ہیں ہم	ظلم کرنے والے

وَ	مَا	تَنَزَّلَتْ	بِهِ	الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢١٠﴾	وَ	مَا	يَنْۢبَغِيْ	لَهُمْ	وَ	مَا	يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٢١١﴾
اور	نہیں	لے کر اترے	اس (قرآن) کو	شیاطین	اور	نہیں	لائق	ان کے	اور	نہ	وہ (اس کی) استطاعت ہی رکھتے ہیں

اِنَّهُمْ	عَنِ السَّمْعِ	لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿٢١٢﴾	فَلَا	تَدْعُ	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰهًا	اٰخَرَ
بلاشبہ وہ تو	اس کے سننے سے بھی	البتہ دور رکھے گئے ہیں	چنانچہ نہ	پکاریں آپ	اللہ کے ساتھ	معبود	کوئی اور

فَتَكُوْنَ	مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿٢١٣﴾	وَ	اَنْذِرْ	عَشِيْرَتَكَ	الْاَقْرَبِيْنَ ﴿٢١٤﴾
ورنہ آپ (بھی) ہوجائیں گے	ان لوگوں میں سے جو عذاب دیے گئے	اور	آپ ڈرائیں	اپنے قبیلے	(یعنی اپنے) قریبی لوگوں کو

وَ	اخْفِضْ	جَنَاحَكَ	لِمَنِ	اتَّبَعَكَ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢١٥﴾	فَاِنْ	عَصَوْكَ
اور	جھکا دیجیے	اپنا بازو	ان لوگوں کے لیے جنہوں نے	آپ کی پیروی کی	مومنوں میں سے	پھر اگر	وہ آپ کی نافرمانی کریں

فَقُلْ	اِنِّيْ	بَرِيْٓءٌ	مِّمَّا	تَعْمَلُوْنَ ﴿٢١٦﴾	وَ	تَوَكَّلْ	عَلَى	الْعَزِيْزِ	الرَّحِيْمِ ﴿٢١٧﴾
تو کہہ دیجیے	بلاشبہ میں	بری ہوں	اس سے جو	تم عمل کرتے ہو	اور	توکل کیجیے	اس (اللہ) پر (جو)	خوب غالب	نہایت رحم کرنے والا ہے

الَّذِيْ	يَرٰىكَ	حِيْنَ	تَقُوْمُ ﴿٢١٨﴾	وَ	تَقَلُّبَكَ	فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿٢١٩﴾
وہ جو	آپ کو دیکھتا ہے	جب	آپ کھڑے ہوئے (نماز کے لیے)	اور	آپ کے پھرنے (اُٹھنے بیٹھنے) کو	سجدہ کرنے والوں میں

اِنَّهٗ هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ ﴿٢٢٠﴾	هَلْ	اُنَبِّئُكُمْ	عَلٰى مَنْ	تَنَزَّلُ	الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢٢١﴾
بلاشبہ (اللہ) وہی ہے	خوب سننے والا	خوب جاننے والا	کیا	میں تمہیں خبر دوں	کس پر	نازل ہوتے ہیں	شیطان؟

تَنَزَّلُ	عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ	اَثِيْمٍ ﴿٢٢٢﴾	يُّلْقُوْنَ	السَّمْعَ	وَ	اَكْثَرُهُمْ	كٰذِبُوْنَ ﴿٢٢٣﴾
وہ نازل ہوتے ہیں	ہر جھوٹ گھڑنے والے پر	گناہ گار (پر)	وہ لگاتے ہیں (اپنے)	کان (شیطانوں کی طرف)	اور	ان کے اکثر	جھوٹے ہیں

وَ	الشُّعَرَآءُ	يَتَّبِعُهُمُ	الْغَاوٗنَ ﴿٢٢٤﴾	اَ	لَمْ	تَرَ	اَنَّهُمْ	فِيْ كُلِّ وَادٍ
اور	شاعر	ان کی پیروی کرتے ہیں	گمراہ لوگ	کیا	نہیں	آپ نے دیکھا	کہ بلاشبہ وہ	(خیال کی) ہر وادی میں

يَهِيْمُوْنَ ﴿٢٢٥﴾	وَ	اَنَّهُمْ	يَقُوْلُوْنَ	مَا	لَا	يَفْعَلُوْنَ ﴿٢٢٦﴾	اِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ
سرگرداں پھرتے ہیں	اور	بلاشبہ وہ	کہتے ہیں	وہ بات جو	نہیں	وہ (خود) کرتے	مگر	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور

عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَ	ذَكَرُوا اللّٰهَ	كَثِيْرًا	وَّ	انْتَصَرُوْا	مِنْۢ بَعْدِ مَا	ظُلِمُوْا ط
انہوں نے عمل کیے	نیک	اور	انہوں نے اللہ کو یاد کیا	بہت زیادہ	اور	انہوں نے بدلہ لیا	اس کے بعد کہ	وہ ظلم کیے گئے تھے

وَ	سَيَعْلَمُ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْٓا	اَيَّ	مُنْقَلَبٍ	يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿٢٢٧﴾ ع
اور	عنقریب وہ جان لیں گے	جنہوں نے	ظلم کیا	کون سی	لوٹنے کی (خوفناک) جگہ	وہ لوٹیں گے

سُوْرَةُ النَّمْلِ (٢٧) مَكِّيَّةٌ (٤٨)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

